# Press Release

May 3, 2018

***For immediate release***

## پاکستان سکیورٹیز کمیشنز کی عالمی تنظیم آئیسکو کے بورڈ کا چوتھی دفعہ ممبر منتخب

اسلام آباد(3 مئی) سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) سکیورٹیز کمیشنز کی عالمی تنظیم، انٹر نیشنل آرگنائزیشن آف سکیورٹیز کمیشنز (آئیسکو) کے بورڈ کا ممبر منتخب ہو گیا ہے۔ یہ انتخاب آئیسکو کے بورڈ کی دو سالہ مدت دو ہزار بیس تک کے لئے ہے جبکہ آئیسکو بورڈ کے الیکشن میں یہ ایس ای سی پی کی چوتھی مسلسل کامیابی ہے۔

آئیسکو دنیا بھر کی کیپیٹل مارکیٹوں میں ریگولیٹری معیارات کو متعین کرنے اور ان کی جانچ پڑتال کرنے والا بین الاقوامی ادارہ ہے جس کے رکن ممالک کی تعداد ایک سو پندرہ ہے جو کہ دنیا کی پچانوے فیصد کیپیٹل مارکیٹ کا احاطہ کرتی ہے۔ پاکستان 1998 سے آئیسکو کا ممبر ہے۔

آئیسکو بورڈ دنیا بھر کی کیپیٹل مارکیٹوں میں ریگولیٹری معیارات متعین کرنے کے حوالے سے فیصلہ سازی کرنے کا اہم ادارہ ہے۔ ایس ای سی پی اس بورڈ پر 2012 سے خدمات انجام دے رہا ہے۔ آئیسکو بورڈ چونتیس ملکوں پر مشتمل ہے۔ آسٹریلیا، چین، برطانیہ اور امریکہ جیسے جدید کیپیٹل مارکیٹوں کے حامل ترقی یافتہ ملک اس بورڈ کے مستقل اراکین ہیں جبکہ دیگر ترقی پذیر ملک اس کے بورڈ پر الیکشن کے ذریعے منتخب ہوتے ہیں۔ پاکستان ترقی پزیر ممالک کی مارکیٹوں کے مسائل اور ان کے حل کے لئے ترجیحات کے حوالے سے آئیسکو بورڈ میں آواز اٹھاتا رہے گا۔ نئے بورڈ کا پہلا اجلاس نو مئی کو ہنگری میں منعقد ہو گا۔

ایس ای سی پی آئیسکو کا ایک مستعد رکن رہا ہے اور آئیسکو کے معیارات کے نفاذ کے لئے آئیسکو کی ذیلی کمیٹیوں اور ٹاسک فورسز میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ اس وقت پاکستان آئیسکو کی پالیسی کمیٹی برائے مارکیٹ انٹر میڈٹری ریگولیشنز، ریگولیٹری معیارات پر عمل درآمد کی جائزہ کمیٹی اور آئیسکو کے ممبر ممالک کے مابین تعاون کی مفاہمی یاداشت پر بھی دستخط کر کے اس پر عمل درآمد کا بھی پابند ہے۔ علاوہ ازیں پاکستان دنیا کا پہلا ملک تھا جہاں 2015 میں سکیورٹیز مارکیٹ میں آئیسکو کے معیارات پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا اور رواں سال آئیسکو کی جانب سے دوبارہ جائزہ لیا گیا ہے جس کے مطابق پاکستان کی سکیورٹیز مارکیٹ میں آئیسکو کے معیارات پر عمل درآمد کی شرح مزید بہتری کے ساتھ تراسی فیصد ہو گئی ہے جو پہلے باسٹھ فیصد تھی۔

ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر عبداللہ نے کہا ہے کہ ترقی پزیر ممالک میں سکیورٹیز مارکیٹ کو بہتر، محفوظ اور جدید بنانے میں آئیسکو کا اہم کردار ہے اور آئیسکو بورڈ پر منتخب ہونے کے بعد ایس ای سی پی اہم پلیٹ فارم پر اپنا کردار جاری رکھے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ میں تیزی کے ساتھ ترقی کر رہی ہے اور ایشیا پیسیفک ریجن کی اہم ابھرتی ہوئی مارکیٹ ہے اور اپنی اس خصوصی حیثیت کی بنا پر پاکستان آئیسکو کے بورڈ پر اہم خدمات سرانجام دینے کی پوری اہلیت رکھتا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005